BRAMPTON
Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

برامپٹن میں لیبر ڈے 2019

برامپٹن، آن (27 اگست 2019) – اس سال، لیبر ڈے بروز پیر مورخہ 2 ستمبر کو منایا جا رہا ہے۔ لہٰذا، اس دن سٹی کی بہت سی خدمات دستیاب نہیں ہوں گی یا معمول سے کم کی سطح پر کام کریں گی۔

برامپٹن سٹی ہال لیبر ڈے کے موقع پر بند رہے گا۔ شہری اس وقت کے دوران خود تشریف لا کر شادی کے لائسنس کے لیے درخواست دینے، قانونی شادی کی تقریبات بک کرانے، غلط پارکنگ پر جرمانہ بھرنے، پرمٹس کے لیے درخواست دینے یا کاروباری لائنسز کی درخواست دینے یا تجدید کروانے کے قابل نہیں ہوں گے۔

کئی خدمات معمول کے مطابق کام کرنا جاری رکھیں گی، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور سٹی آف برامپٹن بائی لاء انفورسمنٹ۔

رہائشی کسی قسم کے سوالات کے لیے 311 یا 905.874.2000 (برامپٹن سے باہر) پر کال کر سکتے ہیں یا 311@brampton.ca پر ای میل کر سکتے ہیں۔ ہم سٹی آف برامپٹن یا ریجن آف پیل کے کسی قسم کے بھی معاملات کے لیے 24/7 دستیاب ہوں گے، بشمول پارکنگ، کچرا اکٹھا کرنا، تفریحی پروگرام اور مزید۔

برامپٹن ٹرانزٹ

برامپٹن ٹرانزٹ لیبر ڈے کے لیے اتوار/چھٹی کے دن والی سروس چلائے گا۔

لیبر ڈے کے موقع پر تمام ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز اور کلارک اور سینڈل وُوڈ کی سہولت گاہیں بند رہیں گی۔

روٹ اور شیڈول کی معلومات کے لیے، 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں۔ اگلی بس کے براہ راست اوقات کی معلومات کے لیے اپنے اسمارٹ فون یا دیگر موبائل ڈیوائس پر nextride.brampton.ca ملاحظہ کریں۔ سفر کی منصوبہ بندی کے دیگر ٹولز کے لیے www.triplinx.ca یا گوگل میپس ملاحظہ کریں۔

برامپٹن ریکریئیشن

زیادہ تر تفریحی سہولت گاہیں لیبر ڈے پر کھلی رہیں گی۔ تجدید شدہ ڈراپ ان پروگراموں کے شیڈولز اور اوقات کار کے لیے اپنے مقامی تفریحی سنٹر یا 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca/recreation ملاحظہ کریں۔ شہر کا ریکریئیشن ایڈمنسٹریشن آفس لیبر ڈے پر بند رہے گا۔

برامپٹن میں جانوروں کی خدمات

برامپٹن اینیمل شیلٹر لیبر ڈے کے موقع پر بند رہے گا۔ مزید معلومات کے لیے 905.458.5800 پر یا 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca/animalservices ملاحظہ فرمائیں۔

برامپٹن لائبریری

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں بروز اتوار، 1 ستمبر اور بروز پیر، 2 ستمبر کو بند رہیں گی۔

کسی بھی برانچ سے اپنی چیزیں اٹھانے اور واپس کرنے کے لیے آن لائن طور پر بُک کرائیں۔ اپنے مفت لائبریری کارڈ کے ذریعے ای بکس اور مزید کے ساتھ کسی بھی وقت لطف اندوز ہوں۔ مزید معلومات کے لیے www.bramptonlibrary.ca ملاحظہ کریں یا 905.793.4636 پر کال کریں۔

فائر ورکس سیفٹی

سٹی آف برامپٹن لیبر ڈے پر آتش بازیوں کے کسی بھی مظاہرے کا انعقاد نہیں کر رہا۔

لیبر ڈے کا شمار سال کے اُن چار دنوں میں نہیں ہوتا جن کے دوران سٹی آف برامپٹن میں ذاتی حیثیت میں آتش بازی کی اجازت ہوتی ہے۔
مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca